AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 15 October 2026
Time : 09:25 / AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین۔

PM

وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لداخ میں **3** ہزار **350** کروڑ روپے کے پانچ اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کر کے انہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ان پروجیکٹوں کی بدولت کنیکٹیویٹی کا نظام مستحکم ہونے کے ساتھ ساتھ توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو دوام حاصل ہوگا اور خطے میں ثقافتی منظرنامے کو بھی تقویت ملے گی۔افتتاح کے بعد وزیراعظم ایک عوامی اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔

LG

لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آب وہوا کی تبدیلی ،عالمی تمازت ،ماحولیاتی تباہی اور غیر منظم ترقی جیسے مسائل ہمالیائی خطے میں نمایاں ہورہے ہیں اور ان سے نمٹنے کیلئے سائنس پر مبنی اور عوام دوست جامع لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔سرینگر میں **13**ویں **Sustainable Mountain** ڈیولپمنٹ سمٹ کے اختتامی اجلاس کے دوران اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ پچھلی دو دہائیوں کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں کئی ناگہانی آفات رونما ہوئی ہیں جن سے یہ چیلنج مزید خطرناک بنتے جارہے ہیں۔ایل جی نے ترقی اور تحفظاتی اقدامات کے درمیان ایک توازن برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر ہوم سٹے پالیسی **2026** کو جموں وکشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو بڑھاوا دینے نیز مقامی کارخانہ داری کے نظام کو مستحکم کرنے اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کیلئے کلیدی اہمیت کا قرار دیا ہے۔وزارتی کونسل کی منظوری کے بعد حکومت نے پالیسی کو نوٹیفائی کیا ہے جس کی رو سے سیاحتی شعبے میں اعلیٰ معیار کی اقامتی سہولیات کو وسعت دینے کا ایک فریم ورک وجود میں لایا گیا ہے۔اس پالیسی کی رو سے اس سیکٹر سے جڑے لوگوں کو کئی دیگر مراعات بھی حاصل ہوں گے۔

Dy CM

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کل ضلع گاندربل کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کریں تاکہ لوگوں کو معیاری سہولیات دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ اُن کے معیار حیات میں بہتری آسکے۔نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت یوٹی کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

Div Com

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے وادی کے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایگری سٹیک اور سوامتا کے تحت رجسٹریشن اور اعداد و شمار جمع کرنے کے عمل میں تیزی لائیں۔سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ اس پورے عمل کی لگاتار نگرانی کی چاہیئے تاکہ ضلع وار اہداف کو معیاد بند مدت کے اندر حاصل کیا جاسکے۔اس موقعے پر صوبائی کمشنر سے ڈی سیز پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں ترقیاتی عمل میں سرعت لائیں تاکہ عام لوگوں کو معیاری سہولیات دستیاب ہوسکیں۔

اوقات کار

سکولی تعلیم محکمہ نے آج سے وادی کے تعلیمی اداروں کے اوقات کار میں تبدیلی لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس تعلق سے جاری ایک حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ شہر سرینگر کے میونسپل حدود میں آنے والے تمام نجی اور سرکاری تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح **10** بجے سے سہ پہر ساڑھے **3** بجے تک رہیں گے جبکہ ضلع سرینگر کے میونسپل حدود سے باہر اور وادی کے دیگر علاقوں میں موجود تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح ساڑھے **10** بجے سے سہ پہر **4** بجے تک ہونگے۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج وجے واڑہ میں پونمی گھاٹ پر قومی سارس لائیولی ہُڈس میلے **2026** کا افتتاح کریں گی۔قومی سطح کا یہ میلہ پہلی مرتبہ دلی **NCR** سے باہر منعقد کیا جارہا ہے۔اس میلے میں ایک ہزار **500** دیہی خواتین اور کاریگر **650** اسٹالوں کے ذریعے سے ہینڈلوم اشیاء، دستکاری اور آرگینک خوارک کی نمائش اور فروخت کریں گے۔

ڈی سی سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل سرینگر میں حال ہی میں خریدی گئی واٹر ٹینکر گاڑیوں کی چابیاں واٹر ورکس ڈویژن سرینگر کو سونپیں۔ان گاڑیوں کی بدولت شہر سرینگر میں پینے کے پانی کے نظام کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔اس موقعے پر ترقیاتی کمشنر نے کہا کہ **72** لاکھ روپے کی لاگت سے خریدے گئے ان ٹینکروں کو مکمل طور سے بروئے کار لایا جانا چاہئے تاکہ لوگوں کو کسی بھی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

کپواڑہ

ڈی سی کپواڑہ ابھیشیک شرما نے کل ضلعے کی میڈیا برادری کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔اس موقعے پر انہوں نے میڈیا برادری پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ کے کام کاج کو عام لوگوں تک پہنچانے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔

ڈی سی شوپیان

شوپیاں کے ضلع ترقیاتی کمشنر چرن دیپ سنگھ نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں محکمہ دیہی ترقی ، پنچائتی راج اور نیشنل رورل لائیولی ہُڈس مشن کے تحت عملائی جارہی متعدد ترقیاتی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام اسکیموں کے اہداف حاصل کرنے کیلئے تعمیراتی کاموں میں سرعت لائیں۔انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین کو سیلف ہیلپ گروپوں کے ذریعے سے بااختیار بنایا جانا چاہئے۔

بارشیں

وادی کے بیشتر میدانی علاقوں میں کل رات ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشیں ہوئیں جبکہ کئی بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔کپواڑہ ضلعے کی مژھل وادی، بھنگس ،سادنا ٹاپ ، فرکیاں ٹاپ، بڈُنمبل اور رکماڑی میں برفباری ہوئی ہے۔زیڈ گلی۔مژھل سڑک کو گاڑیوں کی آمدورفت کیلئے بند کیا گیاہے۔ادھر مغل روڈ کے مختلف مقامات پر ہلکی برفباری ہوئی ہے۔ہمارے نمائندے جاںنثار احمد نے خبر دی ہے کہ شاہراہ ابھی گاڑیوں کی آمدورفت کیلئے بند ہے تاہم اسے کھولنے کی کوششیں جاری ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 عشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔